## سوال

عالت ی60ؤہ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا روزے کی حالت میں احتلام سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

م السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لی حالت میں احتلام سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ کیونکہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس پر انسان کا بس نہیں اور اللہ تعالیٰ انسان کو کسی ایسے کام مکلف نہیں کرتا جس پر اس کا بس نہ ہو۔ اسی طرح روزے کی حالت میں غسل کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا چاہے غیر ارادی طور پر پانی اس کے کانوں سے ہوتا ہوا حلق تک پہنچ جائے

وَلَیسَ عَلَیکُم جُناحٌ فیما أَخطَأتُم بِهِ وَلـٰكِن ما تَعَمَّدَت قُلوبُكُم ...٥... سورة الاحزاب

.نادانستہ جو کام کرو اس کے لیے تم پر کوئی گرفت نہیں ہے لیکن اس پر گرفت ضرور ہے، جس کام کا تم دل سے ارادہ کرو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاوی یوسف القرضاوی

روزہ اور صدقۃ الفطر، جلد: 1، صفحہ: 167

محدث فتویٰ